© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

○ نواز شریف بہت کمزور ہو چکے ہیں۔ نہایت پریشان دکھائی دیتے ہیں (عینی شاہدین)

سوچتا ہوں روز و شب، طیبہ میں بیٹھا ہوا،
جو کچھ ہوا ، کیوں کر ہوا ، کیسے ہوا؟

○ یحیٰ خان کے جسم میں خون کی جگہ شراب دوڑتی تھی (جنرل رانی)

راہ پیا جانے یا واہ پیا جانے۔!

○ نصاب میں مثبت تبدیلیاں لا رہے ہیں (وزیر تعلیم)

مثلاً میٹرک کی اسلامیات میں ترجمہ قرآن مجید والا سوال ختم کر دیا ہے

○ تھانے دار نے ٹانگوں پر رول پھیر کر ملزم کو بے ہوش کر دیا (ایک خبر)

ملزم صدقہ دے، کہیں پولیس مقابلے میں پار نہیں کر دیا!

○ ڈاک لفافہ کی قیمت میں اضافہ (ایک خبر)

قیمت و قدر لفافے میں اضافے کی قسم!
ڈاکیا آئے تو اس سے میرا مکتوب نہ مانگ
مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ

○ آنٹی بے نظیر کو واپس لاؤ (بچوں کا مظاہرہ)

انکل زرداری کو مدینے بھیجو

○ جاگیردارنی نہیں صرف پیر ہوں لوگ دعائیں لینے آتے ہیں (عابدہ حسین)

پیر نہیں، پیر فخر امام کی پیرنی ہیں۔

○ ہم استعفاء دیتے رہے تو عوام کی خدمت کون کرے گا۔ (ایک وزیر)

ہیں خدمت عوام کی معجز نمائیاں
رکشہ نصیب صاحب میراج ہو گئے

○ جس نے مدینے بلایا وہی پاکستان واپس بلائے گا۔ (نواز شریف)

"دکھیاں دی بیڑی کیندی بلارا
مشکل کشا! سانوں تیرا سہارا"

○ سٹیٹ بنک نے اسامہ کے اثاثے منجمد کر دیئے (ایک خبر)

دیکھا جو تیر کھا کے کمیں گاہ کی طرف اپنے ہی دوستوں سے ملاقات ہو گئی

© rasailojaraid.com